(۳)

نام رسالہ : قلم و کتاب (ماہنامہ القاسم کی خصوصی اشاعت)

مدیر مسئول : حافظ محمد قاسم

ضخامت : ۲۱۶ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ : القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ' برانچ پوسٹ آفس خالق آباد' ضلع نوشہرہ

ماہنامہ ''القاسم'' پابندی کے ساتھ محترم مولانا عبدالقیوم حقانی کی سرپرستی میں شائع ہوتا ہے۔ زیر تبصرہ شمارہ تین شماروں' ستمبر' اکتوبر' نومبر کا متبادل ہے۔ یہ شمارہ ۱۸ مضامین پر مشتمل ہے' جس میں عصرِ حاضر کے معروف علماءِ اسلام کی منتخب تحریریں شامل ہیں۔

ماہنامہ القاسم کا یہ قلم و کتاب نمبر دراصل القاسم اکیڈمی کی تازہ ترین اشاعتوں پر تبصروں کا حاصل ہے جس میں اکیڈمی کی جدید ترین مطبوعات کا تعارف بھی شامل ہے۔ مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے آسمانِ ولایت کے ایک ستارے مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ کے سوانح حیات ''مردِ قلندر'' کے عنوان سے کتابی صورت میں شائع کیے ہیں۔ ایک صاحب نے کتاب کے عنوان کو نامناسب اور مُوہم ضرر قرار دیا تو اس لفظ پر فاضلانہ بحث شروع ہوگئی۔ اس اشاعت میں اکثر و بیشتر مضامین میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ قلندر کا لفظ اس درویش منش انسان کے لیے بولا جاتا ہے جو دنیاوی تعلقات چھوڑ کر روحانی ترقی کی جانب گامزن ہو۔ اس لفظ کے لغوی معانی کے اعتبار سے مردِ قلندر پر اعتراض بجا مگر عرفِ عام اور اصطلاحی معنی کے طور پر اس کا استعمال خدا رسیدہ اور پاک باطن افراد کے لیے آتا ہے۔ علامہ اقبال نے بھی لفظ قلندر کو اچھے معنوں میں استعمال کیا ہے۔

اس شمارے میں لفظ ''قلندر'' کی تحقیق کے عنوان سے مولانا نوراللہ نور وزیرستانی کی تحریر قابلِ داد اور لائقِ مطالعہ ہے۔ ۞۞

مبارک باد

قرآن اکیڈمی کے شعبہ تحقیق اسلامی کے ریسرچ فیلو اور شعبہ تدریس کے استاذ حافظ محمد زبیر صاحب کو پی ایچ ڈی کی تکمیل پر ہم ادارہ کی طرف سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ حافظ صاحب نے پنجاب یونیورسٹی سے علوم اسلامیہ میں ''عصر حاضر میں اجتماعی اجتہاد: ایک تجزیاتی مطالعہ'' کے عنوان سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ ان کے مقالہ کے سپروائزر ڈائریکٹر شیخ زید اسلامک سنٹر' پنجاب یونیورسٹی' ڈاکٹر محمد اعجاز صاحب تھے جبکہ زبانی امتحان میں ان کے ممتحن چیئر مین شعبہ علوم اسلامیہ' اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور ڈاکٹر عبدالروف ظفر صاحب تھے۔